**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2016**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

HSSC-EB MAY EXAMINATIONS 2016

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ سورۂ ممتحنہ کی پہلی آیت میں کن لوگوں سے دوستی نہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

A۔ صرف اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے
B ۔ اللہ تعالیٰ اور مومنوں کے دشمنوں سے
C۔ صرف رسول صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے دشمنوں سے
D۔ اللہ تعالیٰ اور رسول صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے دشمنوں سے

2۔ هُوَالَّذِیۡ یُصَلِّیۡ عَلَیۡکُمۡ وَمَلٰٓئِکَتُهٗ لِیُخۡرِجَکُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ؕ (سورۂ احزاب، آیت 43)

ترجمہ: وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے۔

اِس آیت میں 'اندھیروں سے روشنی کی طرف لانے' سے کیا مراد ہے؟

A ۔ بدی کو نیکی میں بدلنا
B۔ رات کو دن میں بدلنا
C۔ مغفرت کے لیے تیار کرنا
D۔ ہدایت کی طرف گامزن کرنا

3۔ سورۂ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو کس عمل کو کثرت سے کرنے کا حکم دیا ہے؟

A۔ جہاد کرنے کا
B۔ حج ادا کرنے کا
C۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا
D۔ ذکرِ الٰہی کرنے کا

4۔ اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ۔۔۔ (سورۂ احزاب، آیت 6)

درج بالا آیت میں ہمارے نفس پر ہم سے زیادہ حق کس کا قرار دیا گیا ہے؟

A۔ حضرت محمد صلّی اللہ علیہٖ و آلہٖ وسلّم کا
B۔ حکومتِ وقت کا
C۔ بیوی بچوں کا
D۔ والدین کا

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

5۔ سورۂ ممتحنہ میں ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں کیا تلقین کی گئی ہے؟

A۔ انہیں کفّار کی جانب لوٹا دیا جائے۔
B۔ ان سے فوراً بیعت لے لی جائے۔
C۔ ان کو میدانِ جنگ میں نہ بھیجا جائے۔
D۔ ان عورتوں کو مہر کے عوض نکاح میں لے لیا جائے۔

6۔ اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ وَمَنْ اَقَامَھَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّیْنَ وَمَنْ ھَدَمَھَا فَقَدْ ھَدَمَ الدِّیْنَ۔

درج بالا حدیث میں 'اَقَامَ الدِّیْنَ' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ دین کو سمجھانا
B۔ دین کی تبلیغ کرنا
C۔ دین کو قائم کرنا
D۔ ایک سے زیادہ دین پر قائم رہنا

7۔ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَۃٌ عِنْدَ اِفْطَارِہٖ وَفَرْحَۃٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّہٖ۔

درج بالا حدیثِ مبارکہ میں عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّہٖ کے معنی ہیں

A۔ اللہ سے بات چیت
B۔ اللہ سے ملاقات
C۔ اللہ سے دُعا
D۔ اللہ سے انعام

8۔ کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِیَّتِہٖ۔

درج بالا حدیث میں آپ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے کس بات کی اہمیت بیان کی ہے؟

A۔ ذمّے داری کی
B۔ نظم و ضبط کی
C۔ اقربا پروری کی
D۔ عاجزی و انکساری کی

براہِ کرم صفحہ الٹیے

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

9۔ ایک بزرگ جب پاسپورٹ بنوانے گئے تو وہاں انہوں نے کاؤنٹر پر ایک لمبی قطار دیکھی۔ قطار میں موجود لوگوں نے بزرگ کو پہلے آگے جانے کی اجازت دے دی۔

درج بالا صورتِ حال میں کیا چیز واضح ہے؟

A۔ فلاحِ عام
B۔ مالی امداد
C۔ وقت کی بچت
D۔ رشوت ستانی

10۔ مَنْ تَخَطّٰی رِقَابَ النَّاسِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اِتَّخَذَ جَسْرًا اِلٰی جَهَنَّمَ۔

نمازِ جمعہ کی مناسبت سے اس حدیث شریف میں کیا تاکید کی گئی ہے؟

A۔ صفوں میں نظم رکھا کریں۔
B۔ اپنی صفوں میں بیٹھ جایا کریں۔
C۔ لوگوں کی صفوں کو نہ پھلانگا کریں۔
D۔ اپنی صفوں کو درست کر لیا کریں۔

11۔ طہارت کو کس چیز کا حصّہ قرار دیا گیا ہے؟

A۔ ایمان کا
B۔ خیرات کا
C۔ لباس کا
D۔ نفس کا

12۔ ناخوش گوار لمحات میں اگر آپ اپنے نفس پر قابو پالیتے ہیں اور ثابت قدمی اختیار کرتے ہوئے اپنے رَب پر بھروسہ کرتے ہیں تو اسلامی تعلیمات کے مطابق اس عمل کو کیا نام دیا جائے گا؟

A۔ صبر
B۔ شکر
C۔ شائستگی
D۔ آزمائش

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

13۔ اللہ تعالیٰ جب آپ کو اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے تو آپ کے لیے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا دوسروں سے ذکر کریں کیونکہ یہ بھی ایک طریقہ ہے ادائیگیٔ

A۔ خیرات کا۔
B۔ شُکر کا۔
C۔ صبر کا۔
D۔ رحم کا۔

14۔ ’’ اُن دونوں کو اُف بھی نہ کہو اور نہ ہی اُنھیں جِھڑ کو اور اُن سے نرمی سے بات کرو۔‘‘

درج بالا آیت میں ’ دونوں‘ سے مراد کون ہیں ؟

A۔ بیٹا اور بیٹی
B۔ بھائی اور بہن
C۔ استاد اور عالم
D۔ ماں اور باپ

15۔ درج ذیل میں سے کس نبی (علیہ السلام) نے صبر کی بہترین مثال قائم کی؟

A۔ حضرت داؤد علیہ السلام
B۔ حضرت یونس علیہ السلام
C۔ حضرت ایوب علیہ السلام
D۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

16۔ فیصل ایک ایسے ملک میں قیام پذیر ہے جہاں بہت سی دشواریوں کے ساتھ ساتھ اس کے لیے اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی گزارنا ناممکن ہوتا جا رہا ہے۔

درج بالا حالات میں قرآنی تعلیمات کی روشنی میں فیصل کے لیے بہترین عمل کیا ہو گا؟

A۔ عدالت سے رجوع کرے۔
B۔ لوگوں سے ملنا جلنا ترک کر دے۔
C۔ صبر کرے اور بہتر وقت کا انتظار کرے۔
D۔ اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ کسی اور ملک ہجرت کر جائے۔

براہِ کرم صفحہ الٹیے

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

17۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے 'جہادِ اکبر' کس جہاد کو کہا ہے؟

A۔ بہ ذریعہ اولاد

B۔ بہ ذریعہ مال

C۔ بہ ذریعہ علم

D۔ بہ ذریعہ نفس

18۔ البیرونی نے درج ذیل میں سے کس کے عہد میں کام کیا تھا؟

A۔ التتمش

B۔ رضیہ سلطانہ

C۔ محمد بن قاسم

D۔ محمود غزنوی

19۔ قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ

A۔ شہریوں کو رواداری کی تعلیم دی جائے۔

B۔ زیادہ بچوں کو اسکول بھیجنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

C۔ سخت قانون نافذ کیے جائیں۔

D۔ جمہوری حکومت کا قیام عمل میں لایا جائے۔

20۔ کسی بھی ملک کے طلبہ معاشرے کی ترقی میں کس طرح اہم کردار ادا کرسکتے ہیں؟

A۔ قومی شخصیات پر مضامین لکھ کر

B۔ اتحّاد اور یک جہتی کو فروغ دے کر

C۔ قومی دنوں کی یاد میں پروگرام منا کر

D۔ قومی یادگاری عمارتوں کی تشہیر کر کے

اختتام

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016